تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

October-11 2023

پریس ریلیز

**جامعہ ملیہ اسلامیہ کے طالب علم منا خالد کو دہلی اسٹیٹ ایوارڈ ملا**

جامعہ ملیہ اسلامیہ کے پی ایچ ڈی کے اسکالر جناب منا خالد کو کھیل کے میدان میں عمدہ کارکردگی کے لیے انھیں دہلی اسٹیٹ ایوارڈ سے سرفراز کیا گیا۔

قومی راجدھانی دہلی کے وزیراعلی عزت مآب جناب اروند کیجریوال نے انھیں یہ ایوارڈ مورخہ نو اکتوبر دو ہزار تیئس کو دہلی کے شاہ آڈیٹوریم میں دیا۔

واضح رہے کہ یہ ایوارڈ ہر سال ایک مرد کھلاڑی اور ایک خاتون کھلاڑی کو ان کی عمدہ کارکردگی کے لیے دیا جاتا ہے۔منا خالد دہلی کے بیڈمنٹن کے واحد ایسے کھلاڑی ہیں جنھوں نے پیرا بیڈمنٹن میں دلی کے ساتھ ساتھ ملک کا نام بھی روشن کیا ہے۔

منا خالد کی اس کامیابی پر جامعہ ملیہ اسلامیہ کی شیخ الجامعہ، پروفیسر نجمہ اختر نے مبارک باد دی اوران بہتر مستقبل کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

منا خالد کا ہدف آئندہ ایشائی کھیلوں اور پیرا اولمپک میں شرکت کرنا اور ملک کا نام روشن کرنا ہے۔

سردست منا خالد شعبہ ہندی، جامعہ ملیہ اسلامیہ سے ہندی ادب میں پی ایچ ڈی کررہے ہیں۔اس سے پہلے انھوں نے گریجویشن اور پوسٹ گریجویشن بھی جامعہ ملیہ اسلامیہ سے ہی کیا تھا۔

تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی

Twitter handle:@jmiu_official,Facebook:)

@jmiofficial,instagram: